Prince William County
PUBLIC SCHOOLS
Providing A World-Class Education

PWCS طلباء کے عزیز اہل خانہ:

اس موسم خزاں کے آغاز میں، پرنس ولیئم کاؤنٹی پبلک سکولز (PWCS) کے انگریزی متعلمین کے پروگراموں اور خدمات کے دفتر نے انگریزی متعلمین کے اہل خانہ سے *ACCESS for ELLs* (ACCESS) میں ان کی شرکت کے بارے میں رابطہ کیا۔ ہم اس موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے چاہتے ہیں کہ آپ کو اس ٹیسٹ کے بارے میں کچھ معلومات فراہم کرنا چاہتے اور یہ بتانا چاہتے ہیں کہ یہ ٹیسٹ کیوں لیے جاتے ہیں۔

ACCESS جانچوں کے سلسلے کے لیے ایک مجموعی نام ہے جسے ورجینیا بورڈ آف ایجوکیشن نے اختیار کیا ہے تاکہ طلباء کی انگریزی زبان میں بہتری پر نظر رکھنے میں مدد کی جائے اور ٹیسٹنگ کی سالانہ وفاقی شرائط کو پورا کیا جا سکے۔ ACCESS کے دوران، طلباء کو زبان کے چار حصوں *پڑھائی، لکھائی، بولنا اور سننا* پر جانچا جاتا ہے۔ ACCESS کے نتائج ہمارے سٹاف کو اہم معلومات فراہم کریں گے جو آپ کے طفلِ مکتب کے بارے میں اہم تدریسی اور پروگرام ساز فیصلے کرنے میں مدد دیں گے۔ خاص طور پر، ACCESS کے نتائج ہمیں طلباء کی انگریزی زبان سیکھنے پر نظر رکھنے میں مدد دیں گے اور اس بات کا تعین کرنے میں کہ جب ایک سے زیادہ زبانیں بولنے والے متعلمین انگریزی زبان میں مہارت حاصل کریں گے جیسا کہ ورجینیا بورڈ آف ایجوکیشن میں بیان کیا گیا ہے۔

ACCESS آپ کے بچہ/بچی کے سکول میں 12 جنوری، 2021 اور 16 اپریل، 2021 کے درمیان دیا جائے گا۔ کیونکہ ACCESS ورجینیا کے احتساب کے نظام کا حصہ ہے، لہٰذا اسے محفوظ ٹیسٹنگ شرائط کے تحت سکولوں کے اندر لیا جانا چاہیے۔ ACCESS کے دوران، کووڈ-19 سے متعلقہ تمام حفاظتی رہنما اصولوں پر عمل کیا جائے گا جن میں مناسب دوری اور چہرے کو ڈھانپنا شامل ہے۔ وہ طلباء جو برو برو تدریس وصول کر رہے ہیں، ان کا ٹیسٹ اس دن ہو گا جس دن وہ رو برو سکولوں میں حاضر ہوں گے۔ 100 فیصد ورچوئل تدریس وصول کرنے والے طلباء کے اہل خانہ سے درخواست کی جائے گی کہ وہ اپنے بچہ/بچی کے سکول میں سٹاف سے رابطہ کریں تاکہ ان کے بچہ/بچی کی شرکت کے لیے دن اور وقت کو شیڈول کیا جا سکے۔ برائے مہربانی نوٹ کریں کہ اگر اہل خانہ کووڈ-19 سے متعلقہ خدشات کی بنا پر اپنے بچہ/بچی کو اس سال ACCESS سے نکالنے کا انتخاب کرتے ہیں تو بھی طالبعلم/طالبہ کو انگریزی متعلمین کے طور پر ان کی حیثیت سے متعلقہ خدمات وصول کرتے رہیں گے۔ تاہم، براہ مہربانی نوٹ کریں کہ اگر آپ شرکت نہیں کرتے تو آپ قانون کے تحت انگریزی متعلمین کے پروگرام سے نکلنے کے اہل نہیں ہوں گے جنہیں ورجینیا بورڈ آف ایجوکیشن نے اختیار کیا ہے۔

موسم بہار 2021 میں ACCESS کے لیے اپنے بچہ/بچی کو اچھی تیاری کرنے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ آپ اپنے بچے/بچی سے کہیں کہ وہ اپنی بہترین صلاحیتوں کا مظاہرہ کریں۔ جب ACCESS کے نتائج دستیاب ہوں گے تو آپ کے بچے/بچی کے کارکردگی کی رپورٹ آپ کو ارسال کر دی جائے گی۔ اگر ACCESS کے بارے میں آپ کے کوئی سوالات ہیں تو براہ مہربانی ACCESS ویب سائٹ https://wida.wisc.edu/assess/access ملاحظہ کریں۔

مخلص،

Paul F. Parker, PhD
سپروائزر برائے ٹیسٹنگ

DR. PAUL F. PARKER
Supervisor of Testing

P.O. BOX 389, MANASSAS, VA 20108 • WWW.PWCS.EDU • 703.791.8308, FAX 703.791.7366